© rasailojaraid.com

کی جو بوجھل سامان کو اٹھالے جاتی ہیں اور نقل
وحمل کا کام کرتی ہیں۔ پھران جہازوں کی جو نہایت
سرعت وسہولت کے ساتھ پانی اور ہوا (سمندر
وفضا) میں دوڑتے پھرتے ہیں۔ پھر اسٹیشنوں،
ڈاکخانوں۔ اور گوداموں کی قسم جو پارسلوں
سامانوں۔ تاروں۔ میلوں کو تقسیم کرتے ہیں

آیاتِ بالا میں مصنف کے نزدیک جن چیزوں کی قسم کھائی گئی ہے ان کی متعدد صفحات میں تشریح وتوضیح اور اس سلسلہ میں دین کیا ہے؟ اسلام کا اصل مقصد کیا ہے؟ توحید کی حقیقت کیا ہے؟ ان سب پر گفتگو کی گئی ہے اور اس کا حاصل یہ ہے کہ اسلام کا اصل مقصد توحید ہے لیکن توحید سے مراد "توحید الٰہ" (یہ اصطلاح بھی عجیب ہے) نہیں جیساکہ فقہا اور متکلمین کہتے ہیں بلکہ اس سے مراد تمام قوموں اور ملتوں کو ملا کر ایک کردینا ہے۔ اب آپ سمجھ لیجئے اس کا مطلب کیا یہ نہیں کہ مغربی زبانیں، مغربی کلچر اور مغربی تہذیب وتمدن سے زیادہ اب اور کسی کو "موحد" کہلانے کا حق ہوسکتا ہے کہ انھوں نے ساری دنیا ہی کو ایک کردیا ہے غرض کہ یہ پورا رسالہ اسی قسم کی خیال آرائیوں اور جدت طرازی کے نمونوں سے بھرا ہوا ہے علاوہ اس کے کہ مصنف کی یہ تمام تفسیریں تفسیر بالرائے کے حکم میں آتی ہیں جن پر شدید وعید کی گئی ہے۔ ایک بات یاد رکھنے کے قابل یہ ہے کہ اب دنیا بہت آگے بڑھ گئی ہے اُس کو مسلمان کرنے کے لئے یہ کہہ دینا کافی نہیں ہے کہ قرآن میں کن کن چیزوں کا ذکر آیا ہے اور کن کا نہیں آیا۔ اُس کو اگر مسلمان بنانا ہے تو صاف بتایئے کہ اُس کا نظامِ زندگی کیا ہے اور وہ ہی نظام دنیا کے سب نظاموں سے بہتر اور اعلیٰ ترکیبوں ہے۔

خیر کثیر | خیر کثیر تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ﷲ تین روپے آٹھ آنے پتہ :- ابنائے مولوی محمد بن غلام رسول سعدی۔ جامع محلہ بمبئی ۳

خیر کثیر حضرت شاہ ولی اللہ الدہلویؒ کا مشہور رسالہ ہے جس میں آپ نے مسائل تصوف اور بعض ماوراء الطبعیاتی مسائل کے ساتھ ساتھ اسلامی احکام و عبادات کے اسرار و رموز سے بحث کی ہے یہ رسالہ اگرچہ مختصر ہے لیکن اس کو درحقیقت حضرت شاہ صاحب کے فلسفہ کا متن سمجھنا چاہیئے۔ مولانا عبدالرحیم صاحب پشاوری نے سہل و سلیس اور شگفتہ اردو میں اس کا ترجمہ کرکے اردو داں طبقہ پر بڑا احسان کیا ہے کہ اب وہ بھی اس گنجینۂ حکم سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

حسرت کی سیاسی زندگی

از جناب عبدالقوی صاحب دسنوی تقطیع متوسط ضخامت ۷۲ صفحات طباعت و کتابت بہتر قیمت عمر

پتہ :- رائٹرس امپوریم لمیٹڈ۔ پیوپلز بلڈنگ۔ فیروز شاہ مہتا روڈ بمبئی ۱

مولانا حسرت موہانی شاعر ہونے کے علاوہ بہت اونچے درجہ کے سیاسی لیڈر بھی تھے لیکن ان کی سیاست پر بہت سے دور آئے اور گذر گئے اور اس راہ میں کبھی اُن کو کسی ایک مقام پر رکنا اور ٹھہرنا نصیب نہیں ہوا۔ عبدالقوی صاحب نے اس مقالہ میں مولانا مرحوم کی اسی سیاسی زندگی کے مختلف پہلو دکھائے ہیں۔ اس مقالہ سے یہ بھی معلوم ہو گا کہ حسرت کی شاعری اور سیاست دونوں ایک دوسرے سے بالکل بے جوڑ اور بے تعلق نہیں تھے۔ زبان صاف اور شگفتہ ہے۔

گنج طلسم

از شاہ نعمت اللہ ولی مرتبہ و مترجمہ ڈاکٹر ایم حفیظ سید تقطیع کلاں ضخامت ۰۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عمر پتہ :- سب رس کتاب گھر۔ خیریت آباد۔ حیدرآباد دکن۔

حضرت شاہ نعیم الدین نعمت اللہ ولی گولکنڈہ کے مشہور صاحب طریقت بزرگ ہیں جنہوں نے سلطان محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں گویا اب سے پونے چار سو برس

© rasailojaraid.com